گولڈن پکچرز کا

टैक्सी ५५५

ٹیکسی 555

اداکار

پردیپ کمار۔ شکیلا
مہی پال وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

زین انبیا گو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

شوبھی مُراری ٹیکسی ڈرائیور رسیلا سے محبت کرتا تھا جو خانی گیسٹ ہوس میں شانتی بائی کی نگرانی تھی۔ ایک دن مُراری کو اشوک نامی نوجوان اسٹیشن پر ملا جس کا ٹیکا اگم ہو گیا تھا۔

آگے پردہ پر دیکھیں

گانا نمبر ۱ ٹیکسی ۵۵۵ کے گانے

مجبور بھی اور بھی جاگے آیا کرنوں والا

کلیوں نے گھو نگھٹ پٹ کھولے جگ میں ہوا اُجالا

دیا تھا جھٹ پٹ جھٹ پٹ جھٹ پٹ جھٹ پٹ دیا۔ تھا

سونے والے سُن رے تیرے آنگن میں مُرغی بولے کُکڑ و کو

کاہے نہ انکھیاں کھولے، جھٹ پٹ دیا تھا۔۔۔

کہہ گئے کہنے والے۔ کیا اُستاد جی ۔۔۔ سنو تو لیا

اُٹھ جاگ مسافر بھور بھئی اب رین کہاں جو سووت ہے

جو جاگت ہے سو پاوت ہے جو سووت ہے وہ کھووت ہے

سوچ ذرا سوچ ذرا، سوچ ذرا سوچ ذرا ۔ دیا تھا۔۔

میٹھے سُر میں گا گا گا کے سونے میں کیوں وقت گنوا ئے

کام بنا کیا کام جگت میں، کام سے ملتے دام جگت میں

دام سے ملتا نام جگت میں نام کما ۔ دیا تھا۔

کھل گئے رنگ کے آگیا پانی۔ ٹھمک ٹھمک چلی رادھا رانی

پنیا بھرن تیں تو چلی جات میں

سر پر بھاری ہے پریم کا مٹکا،، الا گئے کمر میں سو سو جھٹکا

پھر بھی میٹھے گیت گاتا ہوں۔ سُر میں تو کا گا ۔ دیا بجھا۔

نمبر۲ لڑکا۔ کوئی چاند کوئی تارا۔ دیکھا تجھ سا کوئی نہ پیارا

جگمگ تجھ سے دنیا ہے پیار کی ہو میرے پیار کی

لڑکی:۔ کبھی چاند کبھی تارے تیرے قدموں پہ وارے

میرے چندا تو ہے دنیا سنسار کی

لڑکا:۔ تیرے میٹھے بول میری زندگی کا مول

لڑکی:۔ تیرا دل انمول لیا انکھیوں سے تول

لڑکا:۔ ہے مہنگی نہ ہے سستی دولت تیرے پیار کی

لڑکی:۔ کبھی چاند کبھی تارے۔۔۔

لڑکا:۔ کوئی چاند کوئی تارا۔۔

تیرے پیار کا اشارہ، میرے جیون کا سہارا

لڑکی:۔ چھوڑوں سا تھ نہ تمہارا۔ چاہے روٹھے جگ سارا

لڑکا:۔ جہاں تو ہے وہیں ہے دنیا میرے پیار کی

لڑکی:۔ کبھی چاند کبھی تارے۔۔۔

لڑکا:۔ کوئی چاند کوئی تارے۔۔۔

نمبر۳۔ لڑکا:۔ اور رونے والے ہنسنے کے دن دور نہیں ہے

جو آج ہے مجبور کل مجبور نہیں ہے

لڑکی:۔ من آج نہیں تو کل پیارے

بھلے دن آنے والے ہیں ہمارے

اچھے دن آنے والے ہیں

من آج نہیں تو کل پیارے

اجی ہنس کے نہ جو پیا غموں کو تو کیسے کٹے زندگانی
جو کانٹوں کو کلیاں سمجھے ہیں دنیا انہی کی سہانی

لڑکا: ۔ آ۔ آ۔ آ

لڑکی: ۔ کب تک رہیں گے اندھیارے ۔ سن آج نہیں...
تیرے ہاتھوں میں دنیا ہے تیری، تیری قسمت ہے تیرے حوالے

لڑکا: ۔ آ۔ آ۔ آ

تیری قسمت ہے تیرا سہارا۔ تو بیٹھ کر سے راہیں بنالے
اب دور رہیں گے اندھیارے ۔ بھلے دن آنے..

نمبر۲ لڑکا: ہو گئے جنٹلمین بلم میرے بن گئے جنٹلمین
سگرٹ پیا پان بھی کھایا چشموں سے ڈھک لئے نیناں
بن تو ہو گئے جنٹلمین، سجن میرے ہاں
بلم میرے ہاں پریتم میرے ہاں

لڑکا: ۔ اے ہے

لڑکی: ۔ موٹا چھوٹا پینٹ جو پہنا چال بدل گئی بالم
آج زمیں پہ پاؤں لگے نہ واہ قسمت کا جادو
ایسے دیکھے ایسے اکڑے جیسے ہوں لفٹین ۔ بلم میرے..

لڑکا: ۔ اے ہے

لڑکی: ۔ گلے میں ٹائی ایسے لگائی جیسے لگی ہے پھانسی
ہنس کے دیکھے اب لندن کے بھول کے متھرا کاشی

لڑکا: ۔ تنتنہٹ اب

لڑکی: ۔ تیرے گالی پٹ سمجھے گٹ پٹ

کیسے آئے جیئیں — بلم میرے بن گئے

لڑکا :۔ ائے ہے

لڑکی :۔ نقلی آنکھیں لگا کے اصلی آنکھیں پھیر نہ لینا
روپ جو بدلا دل نہ بدلنا دیکھو دغا نہ دینا

لڑکا :۔ ائے ہے

لڑکی :۔ سیدھی راہ پر آؤ میرا پیچھو ٹیڑھی لائن ... بلم میرے...

نمبر۵:۔ کورس :۔ آ۔ آ۔ آ

لڑکا :۔ کیوں گرتا ہے نادان سنبھل
جو مانو تا ہے گر جائے وہ بھی کیسا انسان
اپنے ہی سکھ کی خاطر تو سکھ نہ چھین کسی کا
سب کے سینے میں دل ہے اور دل دکھتا ہے سبھی کا
حق لوٹ کے کو حقدار نہ بن نہ کھو اپنا ایمان
جو مانو تا ہے . . . .

کورس :۔ کیوں گرتا ہے نادان سنبھل

لڑکا :۔ اوروں کا غم جس میں جھلکے وہ آنسو ہے موتی
خود جل کر جو راہ دکھائے وہ جوتی ہے جوتی

کورس :۔ وہ جوتی ہے جوتی

لڑکا :۔ ہے وقت ابھی کچھ سوچ ذرا تو برا بھلا پہچان

کورس :۔ کیوں گرتا ہے نادان سنبھل

لڑکا :۔ ایک دن پاپ تیرے ہی آ کے پکڑیں گے دامن تیرا
تیرا دل ہی تجھ سے کہے گا تو ہے دشمن میرا

دُنیا سے چھپا لو پاپ مگر سب دیکھ رہا بھگوان

کورس: - کیوں گرتا ہے ناداں سنبھل

نمبر۶ لڑکی: - اوروں کے لئے جو مٹ جائے انسان اُسی کو کہتے ہیں

جس دل میں درد ہو دُنیا کا بھگوان وہیں تو رہتے ہیں

کتنا اونچا بھاگیہ تیرا جو ان چرنوں کی دھول بنی

تیرے ہاتھوں کی چھایا میں مرجھائی کلی اک پھول بنی

تو جب سے آن بسا دل میں ہم دل کو مندر کہتے ہیں

لڑکا: - اوروں کے لئے ....

لڑکی: - تو اپنی خوشی کے نغموں میں اوروں کی پکاریں سن نہ سکا

لڑکا: - دامن میں پھول بھرے لیکن شبنم کے آنسو چن نہ سکا

دونوں: - کیا تجھ کو خبر ہنسنے والے کس آنکھ سے آنسو بہتے ہیں

اوروں کے لئے ....

لڑکا: - کچھ بول کہ تیری خاموشی بنتی ہے کسی کی بربادی

لڑکی: - کچھ بول کہ تیری خاموشی بنتی ہے کسی کی بربادی

لڑکا: - یہ بھول کے تیرے دو بولوں سے ملتی ہے کسی کی آزادی

دونوں: - اب اک معصوم کے مٹنے میں دو چار لمحے ہی رہتے ہیں

اوروں کے لئے ....

نمبر۷: - کہتے ہیں جسے دُنیا ہر اک یہاں پاگل ہے ہر اک یہاں سودائی

کوئی پیسے کا دیوانہ کوئی حسن کا پروانہ کوئی نام کا شیدائی

جگ میں ہزاروں کے نیلو والا پھرے بھٹکا

مل جائیں ہزاروں تو لاکھوں پہ ہے دل اٹکا

اس پیسے کے چکر میں سب دُنیا ہے چکرائی
کھانے کو نہ دھیلا ہو پر عشق ضروری ہے
جب تک نہ پڑیں جوتے اُلفت ہی ادھوری ہے
اِک لیلا کے پیچھے ہیں سو مجنوں میرے بھائی
سیوا تو بہانہ ہے سب نام پہ مرتے ہیں
اس نام کی خاطر ہی سب دان بھی کرتے ہیں
سیوا کی گر بیچ میں، جب کرسی نظر آئی — کہتے ہیں جسے دُنیا۔
نمبر ۹ لڑکا۔ نہ نہ ہاں ہاں کر کے ہاں ہاں نہ نہ کر کے
اچھا ایسا ویسا کوئی بہانا کر کے
لڑکی: کیسے آؤں پھر آؤں راجا میرے من کے
میں چلوں تو بیری جھانجر جھن جھن جھنکے
چھیڑو چھوڑو جی دوپٹہ میرا ململ کا
اب جانے دو سیاں لے لو وعدہ کل کا
لڑکا۔ یوں نہ ٹالو جی دل کو نشانہ کر کے
اچھا ایسا ویسا کوئی بہانا کر کے
لڑکی:۔ میں اکیلی اور دُنیا کی لاکھوں انکھیاں
کبھی چوکیدار دیکھے کبھی دیکھیں سکھیاں
لڑکا۔ نیچی نینوں سے سب کو دیوانہ کر کے
اچھا ایسا ویسا کوئی بہانا کر کے
لڑکی:۔ آکے آدھی رات کو جگایا نہ کرو
سیٹی مار کے یوں ہم کو بلایا نہ کرو

لڑکا:۔ پھیرو انکھیں نہ ہمکو ستانا نہ گھر کے
آجا البیا ولیا کوئی بہانا کرکے

ختم شد

لاجواب قصوں کی کتابیں

داستان امیر حمزہ	5/0/0	فسانہ عجائب	1/0/0
داستان الف لیلیٰ	5/0/0	غیرت ٹولہ	-/6/0
قصہ حاتم طائی	1/8/0	چھبیلی بھٹیاری	-/6/0
باغ و بہار	1/4/0	داستان بہرام سلطانہ	-/6/0
گل بکاؤلی	1/0/0	کوہ قاف کی کہانی	-/8/0
گل صنوبر	-/8/0	ایک دن کا سلطان	-/6/0
طوطا مینا مکمل	1/8/0	موت کی گھاٹی	-/6/0
تو زنون	-/12/0	قصہ شاہ روم	-/3/0

میلاد کی کتابیں

میلاد شریف اکبر	1/0/0	میلاد شریف شہید	-/12/0
میلاد شریف اکبر	1/0/0	میلاد سعیدی	-/8/0
میلاد شریف طیش	-/12/0	میلاد مسجدی	-/8/0

زن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی